**D**

**CCE PR**
**UNREVISED**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – **560 003**

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ **2019**

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2019**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2019 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**

Date : 04. 04. 2019 ] **Code No. : 66-U**

**ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**

Subject : **Third Language - URDU**

**( ಹಳೆ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / Old Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Repeater)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100**

**[ Max. Marks : 100**

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ-الف** | |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | 12 × 1 = 12 |
| .1 | حسن گنگو بہمنی کا مقبرہ کس نے تعمیر کیا ؟ | |
| | جواب : حسن گنگو کے فرزند محمد شاہ | 1 |
| .2 | والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہر کی عمر کیا تھی ؟ | |
| | جواب : سولہ سال | 1 |
| .3 | پروفیسر راہی سے مصنف کی ملاقات کہاں ہوئی ؟ | |
| | جواب : ایک مشاعرہ میں ہوئی۔ | 1 |
| .4 | شفیع الامم سے کون مُراد ہیں ؟ | |
| | جواب : حضور اکرم ﷺ ہیں۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .5 | چاند نے آفتاب کسے قرار دیا ؟ | |
| | جواب : علم کو آفتاب قرار دیا۔ | 1 |
| .6 | شاعر سید احمد شاکر کیا پیغام دے رہے ہیں ؟ | |
| | جواب : انسانیت، آدمیت، حُب قومی، محبت، یک جہتی کا پیغام۔ | 1 |
| | (نوٹ : کوئی ایک لفظ کافی ہوگا) | |
| .7 | شاعر بشیر بدر کو پھول کب نصیب ہوئے ؟ | |
| | جواب : تکالیف کو برداشت کرنے کے بعد پھول یعنے خوشیاں نصیب ہوئے۔ | 1 |
| .8 | کسان کی عزت کہاں کہاں ہوتی ہے ؟ | |
| | جواب : ڈگر ڈگر اور نگر نگر یعنی ہر جگہ ہوتی ہے۔ | 1 |
| .9 | فراق کے مطابق کچھ نہ کرنے والوں کو کیا کرنا آتا ہے ؟ | |
| | جواب : فراق کے مطابق کچھ نہ کرنے والے کسی کام کے لائق نہیں ہوتے اُنہیں کچھ کرنا آتا ہی نہیں۔ | 1 |
| .10 | ملا نصیرالدین کو اپنا وعدہ کب یاد آیا ؟ | |
| | جواب : جب ملا نصیرالدین نے اپنے دروازے پر دوست کی یہ تحریر دیکھی ’’بے وقوف گدھا‘‘ تو انہیں اپنا وعدہ یاد آیا۔ | 1 |
| .11 | کلبرگی کا قدیم نام کیا ہے ؟ | |
| | جواب : گلبرگہ/حسن آباد | 1 |
| .12 | ’’نانو ذرّات‘‘ کی ضخامت کتنی ہوتی ہے ؟ | |
| | جواب : 1 تا 100 نانو میٹر | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : | 13 × 2 = 26 |
| .13 | شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟ | |
| | جواب : | |
| | عمر خیّام کا تذکرہ ایک سائنس دان اور ماہرِ ریاضی کی حیثیت سے کیا جاتا ہے۔ | 1 |
| | وہ علمِ طب کے ماہر اور علمِ ہیئت کے اِمام تھے۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کوئی سستی شئے انمول شئے کب اور کیسے بنتی ہے ؟ | .14 |
| | جواب : | |
| 1 | کسی ٹھوس شئے کے ذرّات کو نانو جسامت میں لے آنے سے وہ انمول بن جاتی ہے۔ | |
| 1 | کیونکہ اس کے بیشتر خواص بدل جاتے ہیں۔ | |
| | صبح سویرے پروفیسر راہی کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟ | .15 |
| | جواب : | |
| 1 | صبح فجر جاگ جاتے اور نماز کے کچھ دیر بعد چہل قدمی کرتے۔ | |
| 1 | صبح 30-7 بجے ناشتہ اور 8 بجے آکاش وانی سے 5 منٹ کی خبریں سننے کے بعد کالج کے لئے چلے جاتے تھے۔ | |
| | شاعر سید احمد شاکر نے کن کن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے ؟ | .16 |
| | جواب : | |
| 1 | تعصب اور عداوت کا بُرا انجام دیکھا ہے۔ | |
| 1 | جس کے نتیجے میں ہر طرف انسان کا خون بہتا ہے۔ | |
| | نظم ''دوہے'' میں ساغر کرناٹکی نے جانور اور آدمی میں کیا فرق بتایا ہے ؟ | .17 |
| | جواب : | |
| 1 | جانور الگ الگ جگہ چرنے کے باوجود جگالی کرنے کے لئے ایک جگہ جمع ہوتے ہیں۔ | |
| 1 | لیکن آدمی اپنا پیٹ بھرتے ہی فوراً الگ ہو جاتا ہے۔ | |
| | ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | ریاستِ میسور و پر چالوکیہ، یادوا، ہوئسلا، بہمنی ، | |
| 1 | عادل شاہی، مغلیہ، وڈیر، سلطنتِ خداداد اور انگریزوں نے حکومت کی ہے۔ | |
| | مولانا محمد علی جوہر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتایئے۔ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | انگریزی اخبار ''کامریڈ'' | |
| 1 | اُردو کا روزنامہ ''ہمدرد'' | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .20 | ملک کی ترقی میں کسان کیا کردار ادا کر رہا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | اُس نے بنجر زمین کو ذرخیز بنایا۔ | 1 |
| | ملک سے بھوک کو ختم کیا۔ | 1 |
| .21 | اکبر الہٰ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی اور کسی بات کا لالچ کیوں نہ رہا ؟ | |
| | جواب : | |
| | اس بات کی پرواہ نہ رہی کہ دنیا والے اِن سے خوش ہیں یا نہیں۔ | 1 |
| | اِن کا عقل مندوں میں شمار ہو، اس بات کا انہیں لالچ نہ رہا۔ | 1 |
| .22 | حضور اکرم ﷺ جب حرمِ پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اِظہار کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ''وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ'' کی صدا گونج اُٹھی۔ | 1 |
| | لوگوں کی زبان پر یہ بات تھی کہ امتیوں کی شفاعت کرنے والے آپؐ کے سوا کوئی اور نہیں ہیں۔ | 1 |
| .23 | مستقل کلمہ کی تعریف کیجئے اور اُس کی کوئی دو قسمیں بتائیے۔ | |
| | جواب : | |
| | وہ کلمہ ہے۔ جو خود معنی دیتا ہے۔ | 1 |
| | (i) اسم (ii) ضمیر (iii) صفت (iv) فعل (v) متعلق فعل | 1 |
| | ( کوئی دو قسمیں کافی ہیں ) | |
| .24 | سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مُراد ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | جس سال میں سال کے 366 دن ہوتے ہیں اُسے سالِ کبیسہ کہا جاتا ہے۔ | 1 |
| | ہر چار سالوں میں ایک مرتبہ سالِ کبیسہ آتا ہے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 25. | علامتِ اضافت کی تعریف کیجئے۔ایک مثال دیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | علامتِ اضافت وہ کلمات ہیں جو دو اسماء 'یا' ضمیر کے درمیان جوڑنے کا کام کرتے ہیں۔ | 1 |
| | جیسے حسن گنگوکا مزار (یا کوئی اور مثال) | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات **تین** یا **چار** جملوں میں لکھئے : | 8 × 3 = 24 |
| | بحوالۂ متن جملوں کی تشریح : | |
| 26. | ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ کرشن چندر کے لکھے مضمون ''دھوبی نے مگرمچھ کو کھالیا'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | راموشکایت کرنے کے لئے بوڑھے کلرک کے پاس جاتا ہے۔ | 1 |
| | بوڑھا کلرک یہ جملہ راموسے کہتا ہے۔ | 1 |
| 27. | ''کمرہ اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں کسی خواب کے داخل ہونے کی گنجائش ہی نہیں ہے۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ سبق ''جاپان چلو، جاپان چلو'' سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف مجتبیٰ حُسین ہیں۔ | 1 |
| | تربیتی کلاس ختم ہونے کے بعد مصنف کمرے کی طرف جانے لگے تو مس ''پرینا'' نے یہ جملہ کہا۔ | 1 |
| | مصنف نے جواب دیا۔کمرہ اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں خواب کے داخل ہونے کی گنجائش نہیں۔ | 1 |
| 28. | ''ارے بے وقوفو! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جاسکتا تھا۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ سبق ''ملاّ نصیرالدین کے قصّے مہمانوں پہ کیا گذری'' سے لیا گیا ہے۔یہ جملہ ملاّ نصیرالدین نے اپنے دوستوں سے کہا۔ | 1 |
| | ملاّ کی بیوی نے جب اس کے دوستوں سے کہا کہ ملاّ گھر میں نہیں، تو دوستوں نے کہا ہم نے تو انہیں باہر جاتے نہیں دیکھا۔ | 1 |
| | اُس وقت ملاّ نے بالاخانہ کی کھڑکی سے یہ جملہ کہا۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| 29. | زمانہ کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں | |
| | ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں | |
| | جواب : | |
| | اس شعر میں شاعر داغ دہلوی غمِ دوراں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ | 1 |
| | ہم نے زمانے میں بہت ٹھوکریں کھائی ہیں۔ | 1 |
| | زمانے نے ہم پر جو ستم ڈھائے ہیں وہ ہم جانتے ہیں۔ ہم پر جو گذری ہے وہ کوئی نہیں جانتا۔ | 1 |
| 30. | سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے | |
| | کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں | |
| | جواب : | |
| | یہ شعر میر تقی میر کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | 1 |
| | شاعر کہتا ہے اے محبوب میں تو ہر وقت تیرے تصور میں کھویا رہتا ہوں۔ | 1 |
| | کیا کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ تم میرے خیال میں کھوئے ہوئے تھے ؟ | 1 |
| 31. | یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں | |
| | تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا | |
| | جواب : | |
| | یہ شعر بشیر بدر کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | شاعر اس شعر میں کہتا ہے۔ مجھے یہ خوشیاں میرے یہ عیش و عشرت کے سامان اپنے آباء و اجداد سے حاصل نہیں ہوئے ہیں۔ | 1 |
| | زندگی کی بے شمار تکلیفوں کو برداشت کرنے کے بعد میں نے یہ آرام دہ زندگی حاصل کی ہے۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل میں سے کسی **ایک** نثر نگار کا مختصر تعارف لکھئے: | |
| | (i) خلیل منظرؔی (ii) کرشن چندر | .32 |
| | جواب : | |
| | (i) **خلیل منظرؔی :** | |
| 1 | پیدائش : 14 جولائی 1928ء سکلیش پور، ہاسن، کرناٹک۔ | |
| | وفات : 13 ستمبر 2000ء | |
| 1 | ادبی مقام : اُردو کے اچھے افسانہ نگار، ناول نگار اور ڈراما نگار تسلیم کیے جاتے ہیں۔ | |
| 1 | تصانیف : ''خاک وطن اور خونِ شہیداں (ڈراما)، دامِ خیال (ناولٹ) | |
| | **یا** | |
| | (ii) **کرشن چندر :** | |
| 1 | پیدائش : 1913ء کشمیر | |
| | وفات : 1977ء ممبئی میں ہوئی۔ | |
| 1 | ادبی مقام : وہ ایک کامیاب افسانہ نگار اور ناول نویس تھے آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے وابستہ رہے۔ | |
| 1 | تصانیف : ان داتا، ٹوٹے تارے، پُرانے خدا، نظارے، شکست، حسینوں کا شہر، وغیرہ۔ | |
| | کسی **ایک** شاعر کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) سید احمد شاکرؔ (ii) میر تقی میرؔ | .33 |
| | جواب : | |
| | (i) **سید احمد شاکرؔ :** | |
| 1 | پیدائش : 1927ء میں ہوئی۔ | |
| 1 | تعلیمی قابلیت : میسور یونیورسٹی سے اُردو میں بی-اے-اور ایم-اے کے امتحان پاس کئے۔ | |
| 1 | ملازمت : سرکاری کالج میں اُردو فارسی کے ریڈر کے عہدے پر مامور تھے۔ | |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) میر تقی میرؔ : | |
| | پیدائش : 1724ء کو آگرہ میں پیدا ہوئے۔ | |
| 1 | وفات : 1810ء کو وفات پائی۔ | |
| 1 | ادبی مقام : میرؔ کو استادِ سخن کہا گیا۔ تمام شعراء نے میرؔ کی استادی کا اعتراف کیا۔ | |
| 1 | : غزل گوئی میں میرؔ کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ کلام میں سادگی اور درد و اثر ہے۔ | |
| 2 × 4 = 8 | درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : | |
| | حضرت عائشہؓ کی فیاضی و سخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔ | .34 |
| | **یا** | |
| | کلبرگی کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | حضرت عائشہؓ اس قدر غنی اور سخی تھیں کہ ایک مرتبہ ستر ہزار درہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیئے۔ | |
| | حضرت امیر معاویہؓ نے جب ایک لاکھ درہم حضرت عائشہؓ کی خدمت میں بھجوائے، تو شام تک اُنہوں نے | |
| 2 | یہ پوری رقم غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم فرما دی۔ | |
| 1 | اُس وقت حضرت عائشہؓ روزہ سے تھیں۔ | |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| 1 | یہ مسجد اسپین کی مسجد قرطبہ کے نمونے پر بہمنی سلطنت کے دوسرے بادشاہ محمد بن علاؤالدین کے عہد میں تعمیر کی گئی۔ | |
| | اس مسجد میں بیک وقت چھ ہزار آدمی نماز ادا کر سکتے ہیں۔ مسجد کی چھت 111 گنبدوں سے بنی ہوئی ہے۔ | |
| 2 | اس مسجد کا معمار رفیع قزوین، ایران کا باشندہ تھا۔ | |
| 1 | یہ مسجد اپنی وضع قطع اور طرزِ تعمیر کے لحاظ سے ہندوستان بھر میں منفرد ہے۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | نظم ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔ | .35 |
| | جواب : | |
| | حمد: ساری دنیا کے مالک (ابتدائی چار اشعار) | |
| 1 | اے ساری دنیا کے مالک     راجا اور پرجا کے مالک | |
| 1 | سب سے انوکھے سب سے نرالے     آنکھ سے اوجھل دِل کے اُجالے | |
| 1 | ناؤ جگت کی کھینے والے     دکھ میں سہارا دینے والے | |
| 1 | جوت ہے تیری جَل اور تھَل میں     بَاس ہے تیری پھول اور پھل میں | |
| | یا | |
| | نعت : وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ (ابتدائی چار اشعار) | |
| 1 | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ     رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ | |
| 1 | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدائیں     وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ | |
| 1 | شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالَم     نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | |
| 1 | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی     مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | |
| | **حصّہ - ب/PART-B** | |
| 15 × 1 = 15 | درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : | |
| | وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں، کہتے ہیں ؟ | .36 |
| | A) حروفِ عطف     B) حروف علّت | |
| | C) حروف فجائیہ     D) فعلِ ناقص | |
| 1 | جواب : (A) حروف عطف | |
| | وہ حروف جو جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔ | .37 |
| | A) مستقل کلمہ     B) غیر مستقل کلمہ | |
| | C) حروفِ تخصیص     D) حروفِ فجائیہ | |
| 1 | جواب : (D) حروف فجائیہ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو، کہلاتا ہے۔ | .38 |
| | A) مطلع B) مقطع | |
| | C) بیت الغزل D) مصرع | |
| 1 | جواب : (B) مقطع | |
| | الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کچھ معنی و مطلب نکلتا ہو، کہلاتا ہے۔ | .39 |
| | A) اِملا B) خبر | |
| | C) جملہ D) فعل | |
| 1 | جواب : (C) جملہ | |
| | لاحقہ لفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | .40 |
| | A) بےحد B) باذوق | |
| | C) دردمند D) ہم محلّہ | |
| 1 | جواب : (C) دردمند | |
| | لفظ شعراً کا واحد ہے۔ | .41 |
| | A) شاعر B) شاعری | |
| | C) شعور D) اشعار | |
| 1 | جواب : (A) شاعر | |
| | محاورہ ''تاب نہ لانا'' کے معنی یہ ہیں۔ | .42 |
| | A) بغیر کتاب کے آنا B) برداشت کرنا | |
| | C) برداشت نہ کرنا D) صبر کرنا | |
| 1 | جواب : (C) برداشت نہ کرنا | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | لفظ ''موت'' کی ضد ہے۔<br>A) قید B) حیات<br>C) بندگی D) مرگ | .43 |
| 1 | جواب : (B) حیات | |
| | حضور اکرم ﷺ کی تعریف میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔<br>A) رباعی B) غزل<br>C) نعت D) حمد | .44 |
| 1 | جواب : (C) نعت | |
| | وہ جملہ جس میں صرف ایک مبتدا اور ایک خبر ہو، کہلاتا ہے۔<br>A) جملۂ مفرد B) جملۂ مرکب<br>C) جملۂ فعلیہ D) جملۂ انشائیہ | .45 |
| 1 | جواب : (A) جملۂ مفرد | |
| | وہ جملہ جو دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے مل کر بنتا ہے۔<br>A) جملۂ مفرد B) جملۂ مرکب<br>C) جملہ D) عبارت | .46 |
| 1 | جواب : (B) جملۂ مرکب | |
| | اِن میں سے مونث لفظ کی نشاندہی کیجئے۔<br>A) روشنی B) خزانہ<br>C) طریقہ D) وطن | .47 |
| 1 | جواب : (A) روشنی | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | وہ کلمہ جو خود اپنے معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے، کہلاتا ہے۔ | .48 |
| | A) غیر مستقل کلمہ B) مستقل کلمہ | |
| | C) اسم D) ضمیر | |
| 1 | جواب : (A) غیر مستقل کلمہ | |
| | مضمون کا آخری حصّہ کہلاتا ہے۔ | .49 |
| | A) نفسِ مضمون B) اختتام | |
| | C) تمہید D) ابتداء | |
| 1 | جواب : (B) اختتام | |
| | وہ خط جو اپنے کُنبے والوں، رشتے داروں، دوستوں کو لکھے جاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔ | .50 |
| | A) کاروباری خطوط B) سرکاری خطوط | |
| | C) دفتری خطوط D) نجی خطوط | |
| 1 | جواب : (D) نجی خطوط | |
| | **PART-C/حصّہ-ج** | |
| 3 × 1 = 3 | درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : | .51 |
| | i) Our national flag has three colours. | |
| | ii) Mumbai is a famous city of our country. | |
| | iii) Delhi is the capital city of India. | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) ہمارے قومی جھنڈے میں تین رنگ ہوتے ہیں۔ | |
| 1 | (ii) ہمارے ملک کا مشہور شہر ممبئی ہے۔ | |
| 1 | (iii) ہندوستان کا صدر مقام دہلی ہے۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 × 4 = 4 | اپنے دوست/سہیلی کے نام خط لکھئے، جس میں اپنے مدرسہ کے سالانہ جلسہ کا ذکر ہو۔ | .52 |
| | **یا** | |
| | اپنے میر معلم کو ایک خط لکھئے، جس میں سندِ تبادلہ (.T.C) حاصل کرنے کا ذکر ہو۔ | |
| | **جواب :** | |
| | **دوست/سہیلی کے نام خط :** | |
| 1 | i) نام : XYZ | |
| | ii) مقام و تاریخ : | |
| 1 | iii) آداب و القاب : میرے/میری عزیز دوست/سہیلی۔ | |
| 1 | iv) مضمون خط : مدرسہ کے سالانہ جلسہ کا ذکر کرتے ہوئے اپنے دوست/سہیلی کو تفصیل بتانا۔ | |
| 1 | v) اختتام : آپ کا/آپ کی عزیز دوست/سہیلی۔ | |
| | vi) مکتوب الیہ کا نام و پتہ : | |
| | **یا** | |
| | **میر معلم کے نام خط :** | |
| 1 | i) منجانب/نام : XYZ | |
| | ii) بخدمت : میر معلم | |
| 1 | iii) عرض مدعا : .T.C کے لئے درخواست۔ | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : مناسب وجہ بتا کر .T.C کی طلب۔ | |
| 1 | v) اختتام : آپ کا/آپ کی فرماں بردار شاگرد/شاگردہ۔ | |
| | vi) مقام/تاریخ : | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .53 | کسی **ایک** عنوان پر مضمون : | 1 × 4 = 4 |
| | (i) آپ کا پسندیدہ لیڈر | |
| | (ii) سماجی بُرائیاں | |
| | (iii) وقت کی اہمیت | |
| | جواب : | |
| | (i) **پسندیدہ لیڈر** : | |
| | (a) تمہید - کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا۔ | 1 |
| | (b) نفس مضمون - (i) لیڈر کے کردار اور ان کی اہمیت۔ | |
| | (ii) لیڈر کے کارنامے۔ | 1 + 1 |
| | (c) اختتام - اعادہ/مضمون سے متعلق ذاتی رائے۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | (ii) سماجی بُرائیاں : | |
| | (a) تمہید - کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا۔ | 1 |
| | (b) نفس مضمون - (i) سماج میں پائے جانے والی بُرائیاں۔ | |
| | (ii) بُرائیوں کو دور کرنے کی ضرورت۔ | |
| | (iii) بُرائیوں کی وجوہات۔ | 2 |
| | (iv) سماج پر ہونے والے بُرے اثرات۔ | |
| | (v) بُرائیوں کی روک تھام کے طریقے۔ | |
| | (c) اختتام - اعادہ/سماجی بُرائیوں کے متعلق اپنی رائے۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (iii) **وقت کی اہمیت :** | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا۔ | |
| | (b) نفس مضمون - (i) وقت کی اہمیت اور افادیت پر اپنے خیالات کا اظہار | |
| 1 + 1 | (ii) وقت کی پابندی کرنے والے اور نہ کرنے والوں میں فرق بتانا۔ | |
| 1 | (c) اختتام - اپنے خیالات کا اظہار کرنا۔ | |
| 4 × 1 = 4 | درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : | |
| | حکیم اجمل خاں 1863ء کو دلّی میں پیدا ہوئے۔ وہ دہلی شہر کے نہایت ہی مشہور حکیم تھے۔ ان کی شہرت پورے ہندوستان میں پھیلی ہوئی تھی۔ حکیم اجمل خاں بڑے باکمال انسان تھے۔ اِن کی ذہانت کا یہ عالم تھا کہ بہت کم عمری میں انہوں نے قرآن حفظ کر لیا۔ عربی اور فارسی کی تعلیم گھر پر ہی مکمل کر لی۔ | .54 |
| | سوالات : | |
| | (i) حکیم اجمل خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ | |
| | (ii) حکیم اجمل خاں کس شہر کے مشہور حکیم تھے ؟ | |
| | (iii) حکیم اجمل خاں کیسے انسان تھے ؟ | |
| | (iv) حکیم اجمل خاں کی ذہانت کا عالم کیا تھا ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) حکیم اجمل خاں 1863ء کو دلی میں پیدا ہوئے۔ | |
| 1 | ii) حکیم اجمل خاں دہلی شہر کے مشہور حکیم تھے۔ | |
| 1 | iii) حکیم اجمل خاں بڑے باکمال انسان تھے۔ | |
| 1 | iv) حکیم اجمل خاں نے کم عمری میں قرآن حفظ کر لیا۔ | |